## سوال

(448) کیا بے پردہ محرم عورتوں کی تیمارداری کرنا درست ہے ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا ایسی محرم عورتوں کی تیمارداری کرنا درست ہے جو مکمل حجاب نہیں کرتیں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ماں بہن یا عزیزوں کی عورتیں اگر ایسا لباس پہنتی ہوں جس سے ان کے وہی اعضا کھلے رہتے ہوں جن کا دیکھنا اس شخص کو جائز ہے تو خدمت یا مزاج پرسی کے لیے ان کے پاس جائے اگر ایسے اعضا بھی کھلے رہتے ہوں جن کا دیکھنا اس شخص کو ناجائز ہے تو اگر خدمت یا مزاج پرسی بغیر ان کے پاس گئے ہوئے یا پاس جا کر بغیر ان کے اعضا کے دیکھے ہوئے کر سکتا ہے تو بھی ان کی خدمت یا مزاج پرسی کرنی جائز ہے اور اگر بغیر ان اعضا کے دیکھے ہوئے نہیں کر سکتا تو ناجائز ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**مجموعہ فتاویٰ عبداللہ غازی پوری**

**کتاب اللباس والزینۃ، صفحہ:686**

**محدث فتویٰ**